ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ملتان

شرائط برائے ٹھیکہ سائیکل سٹینڈ برائے سال 24-2023

۱۔ کامیاب بولی دہندہ زیر نیلام کا نصب موقع پر جمع کروائے گا۔ جبکہ بقایا نصف رقم چھ برابر اقساط میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ہر ماہ کی 5 تاریخ کو ادا کرنا ہوگی۔ ٹھیکیدار کو ان اقساط کے ایڈوانس چیک جمع کروانے ہونگے۔ کوئی بھی چیک کیش نہ ہونے کی صورت میں نہ صرف ٹھیکہ منسوخ ہوگا بلکہ قانونی چارہ جوئی بھی کی جائے گی اور جمع شدہ سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی۔ مزید براں قسط بروقت ادا نہ کرنے کی صورت میں **مبلغ -/735 روپے یومیہ جرمانہ عائد ہوگا۔**

۲۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام کے 7 دن کے اندر اسٹام پیپر (مروجہ شرح) پر معاہدہ نامہ تحریر کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز ٹھیکیدار باقی نصف رقم مقررہ تاریخ تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کو زر نیلام کے ساتھ گورنمنٹ کے مروجہ ٹیکسز علیحدہ سے ادا کرنے ہونگے۔

۴۔ یہ کہ ٹھیکیدار یا اُس کا کوئی ملازم دفتر کے مفاد کے خلاف کسی قسم کی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا۔

۵۔ ماضی میں کسی بھی ادارے سے ڈیفالٹر / بلیک لسٹ ٹھیکیدار نیلامی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

۶۔ یہ کہ ٹھیکیدار سائیکل اسٹینڈ کسی دوسرے شخص کو ٹھیکہ Sublet نہیں کرے گا۔

۷۔ یہ کہ ٹھیکیدار پر لازم ہوگا کہ وہ طے شدہ ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں کرے۔

۸۔ یہ کہ دفتر سے تشکیل کردہ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی شکایت کی صورت میں کسی بھی وقت سائیکل اسٹینڈ کو چیک کر سکتے ہیں۔

۹۔ یہ کہ ٹھیکیدار سائیکل کے لئے -/10 روپے موٹر سائیکل کے لئے -/25 روپے اور کار کے لئے -/40 روپے معاوضہ وصول کرنے کا پابند ہوگا۔ زائد وصولی پر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

۱۰۔ یہ کہ ٹھیکیدار اسٹیٹ آفیسر بورڈ کے دفتر سے جاری شدہ پاس رکھنے والوں سے ان کی سواری کا کرایہ وصول نہیں کرے گا۔ نیز مارکنگ کے سلسلہ میں آنے والے اساتذہ کرام سے ان کی سواری کا کرایہ مبلغ -/10 روپے یومیہ یا -/200 روپے ماہوار وصول کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز تمام سرکاری، نیم سرکاری اداروں سے متعلقہ گاڑیاں ٹوکن سے مستثنیٰ ہونگیں۔ یہ کہ ٹھیکیدار دفتر کے ملازمین سے ان کی سواری کا کرایہ وصول نہیں کرے گا بلکہ دفتر ملازمین کی سواری کی حفاظت کا ذمہ دار ہوگا۔ کسی بھی نقصان کی صورت میں ادائیگی کا پابند ہوگا۔

۱۱۔ یہ کہ ٹھیکیدار سائیکل اسٹینڈ سے کسی سائیکل، موٹر سائیکل یا کار چوری ہونے یا کسی بھی نقصان پہنچنے کی صورت میں نقصان ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ کسی شکایت کی سماعت کے بعد چیئرمین بورڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا اور ٹھیکیدار ادائیگی کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ یہ کہ ٹھیکیدار کی کسی بے قاعدگی کا نوٹس میں آنے پر اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کر دے اور جمع شدہ سیکورٹی بحق بورڈ ضبط کر لے۔

۱۳۔ بولی میں حصہ لینے والے حضرات اپنا قومی شناختی کارڈ ہمراہ لائیں اور رجسٹریشن لائسنس برائے مالی سال 24-2023 ہمراہ لائیں۔ اگر کوئی شخص کسی دیگر شخص کی جگہ نیلامی میں حصہ لینا چاہتا ہے تو اس سلسلہ میں اتھارٹی لیٹر جمع کرائے گا۔

۱۴۔ ٹھیکیدار کسی بھی ارضی، سماوی، قدرتی آفات، جنگ، سیلاب، ہڑتال یا دیگر وجوہات کی بناء پر ٹھیکہ میں نقصان کی صورت میں کسی بھی چھوٹ / رعائیت کا مستحق نہ ہوگا۔

۱۵۔ تفصیلی شرائط مبلغ -/2,000 روپے (ناقابل واپسی) HBL ملتان بورڈ اکاؤنٹ میں جمع کروا کر دفتر کی اوقات میں مورخہ 18.09.2023 دن 09:00 بجے تک اسٹیٹ برانچ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

۱۶۔ نیلامی کے فائنل ہونے کے بعد کسی شخص کی درخواست بابت زائد پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

ٹھیکیدار پر لازم ہوگا کہ وہ درج بالا جملہ شرائط کی پابندی کرے گا اور اُسے اس حوالے سے کسی بھی عدالت میں جانے کا حق حاصل نہ ہوگا۔

خرم شہزاد اسلم قریشی

سیکرٹری

ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ملتان